نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے راولپنڈی کی تحصیل کلرسیداں میں نئی فروٹ وسبزی منڈی کا افتتاح کردیا۔

نئی ماڈل سبزی وفروٹ منڈی کے قیام سے نہ صرف تحصیل کلرسیداں بلکہ راولپنڈی اور کشمیر کے کاشتکاروں کو بھی اپنی زرعی اجناس مناسب داموں پرفروخت کرنے کا موقع ملے گا۔سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور10دسمبر2022: وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کا راولپنڈی کی تحصیل کلرسیداں میں نجی ماڈل فروٹ و سبزی منڈی کا افتتاح۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیرزراعت پنجاب نے کہا کہ اس ماڈل سبزی وفروٹ منڈی سے نہ صرف تحصیل کلرسیداں بلکہ راولپنڈی کے دیگر علاقوں کے ساتھ ساتھ کشمیر کے مختلف علاقوں کے کاشتکاروں کو بھی اپنی زرعی اجناس مناسب داموں پرفروخت کرنے کا موقع ملے گا۔اس علاقے میں ماڈل منڈی کی اشد ضرورت تھی کیونکہ اس کے اردگرد پہاڑی اور نیم پہاڑی علاقہ جات موجود ہیں اور کاشتکاروں کو اپنی زرعی اجناس کو فروخت کرنے کے لیے دور دراز علاقوں میں جانا پڑتا تھا۔اس منڈی کے قیام سے اس علاقے کے کاشتکاروں کے مال برداری کے اخرات بھی کم ہونگے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ حکومت پنجاب زراعت کی دیگر شعبوں میں ترقی کے ساتھ ساتھ زرعی منڈیوں کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے تمام تر وسائل بروقار لا رہی ہے۔زرعی منڈیوں سے ناجائز تجاوزات سے پاک رکھنے کے تمام تر انتظامات کئے گئے ہیں اور ماڈل منڈیوں میں مارکیٹ فیس کا شیڈول،کمیشن اور روزانہ کے نرخ واضح جگھوں پر آویزاں جارہے ہیں۔ پامرا ایکٹ کے نافذ العمل ہونے کے بعد زرعی منڈیوں کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے جس سے تمام اسٹیک ہولڈرز مستفید ہورہے ہیں۔پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت اب تک 100 سے زائد نئی منڈیاں قائم کی گئی ہیں تاکہ کاشتکار براہ راست مستفید ہوسکیں اور مڈل مین کے کردار کو محدود کیا جاسکے۔کاشتکاروں کو اُن کی محنت کا معقول معاوضہ مل سکے۔اس کے علاوہ صوبہ بھر میں ماڈل منڈیوں میں صفائی ستھرائی کے معیاری انتظامات مکمل انتظامات کئے گئے ہیں اور روزانہ کے آکشن کی بنیاد پر نرخ وضع کئے جارہے ہیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت (توسیع) ڈویژن سید شاہد افتخار بخاری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے دیگر علاقوں کی طرح اس علاقے میں ماڈل فروٹ وسبزی منڈی کے قیام سے نہ صرف کاشتکاروں کو فاہدہ ہوگا بلکہ روزگار مواقع بڑھیں گئے۔اس علاقے کے کاشتکاری کو تقویت ملے گی اور سبزیاں وپھل اگانے کا۔رجحان فروغ پائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیرزراعت پنجاب کی پنجاب میں زراعت کی ترقی کے لیے خدمات قابل تحسین ہیں۔اس موقع پر کلرسیداں کے سیاسی وسماجی شخصیات چوہدری بلال چغتائی ، چوہدری ذولفقار احمد، اور میاں محمد ضیا المصطفیٰ بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆